**FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION**
**SPECIAL COMPETITIVE EXAMINATION-2023 FOR RECRUITMENT TO POSTS IN BS-17 UNDER THE FEDERAL GOVERNMENT**

**Roll Number**

# URDU LITERATURE

| | |
|---|---|
| **TIME ALLOWED: THREE HOURS** | **(PART-I MCQs) MAXIMUM MARKS: 20** |
| **PART-I (MCQs) : MAXIMUM 30 MINUTES** | **(PART-II) MAXIMUM MARKS: 80** |

**NOTE: (i)** First attempt **PART-I (MCQs)** on separate **OMR Answer Sheet** which shall be taken back after **30 minutes.**
**(ii) Overwriting/cutting of the options/answers will not be given credit.**
**(iii)** There is **no negative** marking. All MCQs must be attempted.

## PART-I (MCQs)(COMPULSORY)

**Q.1. (i)** Select the best option/answer and fill in the appropriate Box ■ on the **OMR Answer Sheet. (20x1=20)**
**(ii)** Answers given anywhere else, other than OMR Answer Sheet, will not be considered.

**1.** **سر وادیِ سینا کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟**
(A) احمد ندیم قاسمی (B) فیض احمد فیض (C) علامہ اقبال (D) مولانا حالی

**2.** **ٹوبہ ٹیک سنگھ کس ادیب کا افسانہ ہے؟**
(A) احمد ندیم قاسمی (B) غلام عباس (C) سعادت حسن منٹو (D) انتظار حسین

**3.** **احمد ندیم قاسمی کی زیر ادارت کون سا ادبی جریدہ شائع ہوتا رہا؟**
(A) اوراق (B) آئینہ (C) ماہِ نو (D) فنون

**4.** **"خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں" یہ کس شاعر کا مصرع ہے؟**
(A) میر (B) غالب (C) اقبال (D) فیض

**5.** **کس ناول میں حلال و حرام کا تصور پیش کیا گیا ہے؟**
(A) راجہ گدھ (B) آگے سمندر ہے (C) اداس نسلیں (D) دیوار کے پیچھے

**6.** **"وقت کی راگنی" کا مصنف کون ہے؟**
(A) پروفیسر جیلانی کامران (B) ڈاکٹر وزیر آغا (C) محمد حسن عسکری (D) ڈاکٹر انیس ناگی

**7.** **کس نقاد نے انیس اور دبیر کے کلام کا تنقیدی جائزہ ایک ساتھ لیا؟**
(A) محمد حسین آزاد (B) مولانا الطاف حسین حالی (C) ڈاکٹر سید عبداللہ (D) مولانا شبلی نعمانی

**8.** **میر تقی میر کی غزلوں کے کلّ کتنے دیوان ہیں؟**
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

**9.** **کس ادبی پرچے نے رومانوی تحریک کو پروان چڑھایا؟**
(A) دلگداز (B) مخزن (C) نیرنگِ خیال (D) روشنائی

**10.** **اقبال کی نظم "ذوق وشوق" ان کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟**
(A) بالِ جبریل (B) بانگِ درا (C) ضربِ کلیم (D) ارمغان حجاز

**11.** **"اس نظم میں" کس کی کتاب ہے؟**
(A) جیلانی کامران (B) راشد (C) مجید امجد (D) میرا جی

**12.** **"نادار لوگ" کس کا ناول ہے؟**
(A) مستنصر حسین تارڑ (B) انیس ناگی (C) عبداللہ حسین (D) انتظار حسین

**13.** **"لبیک" کس کی تصنیف ہے؟**
(A) قدرت الله شہاب (B) ممتاز مفتی (C) غلام عباس (D) اشفاق احمد

**14.** **"امراءوجان ادا" کس ادیب کا ناول ہے؟**
(A) مرزا ہادی رسوا (B) رتن ناتھ سرشار (C) ڈپٹی نذیر احمد (D) ممتاز مفتی

**15.** **"سب رس" کس کی تصنیف ہے؟**
(A) ولی دکنی (B) حسرت موہانی (C) حیدر علی آتش (D) ملا وجہی

**16.** **اردو کا پہلا سفر نامہ کون سا ہے؟**
(A) دنیا گول ہے (B) کالاپانی (C) عجائباتِ فرنگ (D) سفر در سفر

**17.** **"پھولوں کی پلٹن" کس کی نظم ہے؟**
(A) فیض احمد فیض (B) مجید امجد (C) ن۔م۔راشد (D) منیر نیازی

**18.** **"نقدِ میر" کس کی کتاب ہے؟**
(A) خواجہ زکریا (B) عبادت بریلوی (C) مولوی عبدالحق (D) سید عبداللہ

**19.** **"ساختیات اور سائنس" کس کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے؟**
(A) ڈاکٹر وزیر آغا (B) ڈاکٹر گوپی چند نارنگ (C) ڈاکٹر محمد علی صدیقی (D) ڈاکٹر سلیم اختر

**20.** **انجمن ترقی پسند مصنفین کی پہلی کانفرنس کب منعقد ہوئی؟**
(A) 1930ء (B) 1936ء (C) 1939ء (D) 1940ء





## PART-II

| | |
|---|---|
| **TIME ALLOWED: THREE HOURS** | **PART-I (MCQS) MAXIMUM MARKS = 20** |
| **PART-I(MCQS): MAXIMUM 30 MINUTES** | **PART-II MAXIMUM MARKS = 80** |
| **NOTE: (i) Part-II** is to be attempted on the separate **Answer Book.** | |

(ii) Attempt **ALL** questions.
(iii) All the parts (if any) of each Question must be attempted at one place instead of at different places.
(iv) Write Q. No. in the Answer Book in accordance with Q. No. in the Q.Paper.
(v) No Page/Space be left blank between the answers. All the blank pages of Answer Book must be crossed.
(vi) Extra attempt of any question or any part of the question will not be considered.

**سوالنمبر2۔(الف)** **درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔** **(15)**

**جزواوّل**

(1) آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک
کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

(2) دام ہر موج میں ہے حلقہ صد کا م نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرہ پہ گہر ہونے تک

(3) عاشقی صبر طلب اور تمنا بے تاب
دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک

(4) ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہوجائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

**جزودوم**

غبار آلودہ رنگ و نسب ہیں بال و پر تیرے
تو اے مرُغ حرم ! اُڑنے سے پہلے پر فشاں ہو جا
خودی میں ڈوب جا غافل! یہ سرِّ زندگانی ہے
نکل کر حلقہ شام و سحَر سے جاوِداں ہو جا
مصافِ زندگی میں سیرتِ فولاد پیدا کر
شبستانِ محبت میں حریر و پر نیاں ہو جا
گزر جا بن کے سیلِ تُندرَو کوہ وبیاباں سے
گلستان راہ میں آئے تو جوئے نغمہ خواں ہو جا

**مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب لکھیئے۔** **(10)**

**(ب)** "شب رفتہ " کے حوالے سے مجید امجد کی نظم نگاری کی فکری و فنی جہتوں کا احاطہ کیجئے۔

**یا**

فیض نے اُردو کلاسیکی شاعری کی اعلیٰ روایات اور اظہار کے سانچوں میں جدید موضوعات اور نئی حسیات کو داخل کیا اس رائے کی روشنی میں " دستِ صبا" کی غزل کا جائزہ لیجیے۔

**سوالنمبر3۔(الف)** علامہ شبلی نعمانی اُردو کے مایہ ناز سیرت نگار ہیں۔ سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے بحث کیجیے۔ **(15)**

**یا**

مولوی عبدالحق نے " چند ہم عصر " میں کردار کی عظمت کو اہمیت دی ہے۔ کیا آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

**(ب)** **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجئےنیز مصنف و مضمون کا نام بھی لکھیئے۔** **(10)**

مخالفت سہنے کا اُن میں عجیب و غریب مادہ تھا۔ کیسا ہی اختلاف ہو وہ صبر کے ساتھ رہتے تھے۔ جواب دیتے تھے لیکن حجُتّ نہیں کرتے تھے ۔ بعض اوقات نامعقول بات اور کٹ حجتی پر غصہ آتا تھا لیکن ضبط سے کام لیتے تھے۔ ضبط اور اعتدال اُن کے بہت بڑے اوصاف تھے اور یہ دو خوبیاں اُن کے کلام میں بھی کامل طور پر پائی جاتی ہیں ۔ یہ ادیب کا بڑا کمال ہے۔ یہ بات صرف اساتذہ کے کلام میں پائی جاتی ہے۔ ورنہ جوش میں آکر آدمی سر رشتہ اعتدال کھو بیٹھتا ہے اور بہک کر کہیں کا کہیں نکل جاتا ہےاور بجائے کچھ کہنے کے چیخنے چلاّنے لگتا ہے۔

**یا**

دو تین روز سے طیّارے سیاہ عقابوں کی طرح پرَ پھلائے خاموش فضا میں منڈلا رہے تھے، جیسے وہ کسی شکار کی جستجو میں ہوں ۔ سرُخ آندھیاں وقتاًفوقتاً کسی آنے والے خونی حادثہ کا پیغام لا رہی تھیں سنسان بازاروں میں مسلح پولیس کی گشت ایک عجیب ہیبت ناک سماں پیش کر رہی تھی ۔ وہ بازار جو صبح سے کچھ عرصہ پہلے لوگوں کے ہجوم سے پُر ہوا کرتے تھے اب کسی نامعلوم خوف کی وجہ سے سوُنے پڑے تھے_______ شہر کی فضا پر ایک پُر اسرار خاموشی مسلّط تھی بھیانک خوف راج کر رہا تھا۔



**URDU LITERATURE**

**سوالنمبر4۔** **کسی ایک نثر پارے کی تلخیص کیجئے۔** **(10)**

اُردو شاعری نے جس دھرتی میں جنم لیا ، اس کا ایک خاص ذائقہ ، باس اور رنگ ہے اور اس کے پیکر کی تشکیل میں تہذیب الارواح، زرعی نظام ، موسم اور مٹی کی تاثیر کا ہاتھ ہے۔ بحثیتِ مجموعی یہ دھرتی ایک مادری اور ارضی نظام سے منسلک ہے اور اس کا تعلق افریشیا کی ارضی تہذیب سے بھی قائم ہے۔ ایک دائرے میں گھومتے جلے جانا اور جنگلی بیل کی طرح قریب ترین شے سے چمٹنے اور لپٹنے کی کوشش کرنا اس کےبنیادی اوصاف ہیں۔ مگر اس دھرتی کو بار بار پدری نظام کے علم بردار قبائل سے متصادم ہونا پڑا ہے۔ یہ قبائل وقت کے امتیازی محاسن یعنی حرکت ، جہت اور آگے ہی آگے بڑھنے کے میلان کے تابع تھے اور ان کا منصب اس کسان کا تھا جو "زمین " کو بیج عطا کرتا ہے۔ جب زمین اور آسمان کا یہ امتزاج رونما ہوا تو اس دھرتی کے ثقافتی پس منظر کے جملہ نقوش اُبھرتے جلے گئے۔

یا

کارل مارکس ایک مشہور جرمن مفکر تھے ۔ انھوں نے سرمایہ و محنت کے مسائل پر غور کیا اور اپنے افکار اپنی معرکہ آرا تصنیف " سرمایہ" میں پیش کیے۔ انھوں نے سرمایہ دار کو ظالم اور مزدور کو مظلوم قرار دیا کیوں کہ محنت کس یعنی مزدور کو سرمایہ دار پیداوار میں اس کا حصہّ نہیں دیتا حالاں کہ پیداوار میں اس کی محنت کو سرمائے سے زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ کارل مارکس کے نزدیک دولت کی یہ غیر مساوی یعنی نا برابر تقسیم ہی دنیا کی ساری خرابیوں کی جڑ ہے۔ لینن ایک بلند حوصلہ روسی رہنما تھا۔ اُس نے محنت کشوں کی رہنمائی کا حق ادا کیا ۔ اُ س زمانے میں روسی بادشاہ زار کی زیادتیاں انتہا کو پہنچ چکی تھیں۔ اس لیے وہاں کارل مارکس کے افکار کا گہرا اثر ہوا۔ لینن اور چیخوف خاص طور پر اُن سے متاثر ہوئے۔ آخرِ کار محنت کشوں نے متحد ہو کر 1917ء میں زارِروس کی قوت کو شکست دے دی اور حکومت کی باگ دوڑ سنبھال لی۔

**سوالنمبر5۔ کسی ایک موضوع پر سیر حاصل مضمون لکھیئے۔** **(20)**

(الف) اُردو غزل پاکستان میں

(ب) اُردو میں رومانوی تحریک

(ج) جدید اُردو نظم کے نمایاں رحجانات

**********